1989ء سے مسلسل اشاعت | 26 اگست تا یکم ستمبر 2022 | شمارہ نمبر 35 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands of the Year Award 2010 | Brands of the Year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3262978 6 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp — بزنس مین پینل





BMG — بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

محمد سلیم بیکیا — چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ — گروپ لیڈر

pindo deli
paper products

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

# WE HAVE WIDE RANGE OF Quality Paper Products

## COATED PRODUCT

GOLDEN COIN

GOLDEN COIN
2/S Coated
Art Card

## COMPUTER FORM

Golden Form

## PHOTOCOPIER PAPER

Galaxy Brite
Rocco Premium
Office Print
E-Paper
Lucky Boss
IK Yellow
Golden Plus
Instant Preprint

## CARBONLES PAPER

Impressions
PINDO 2000

Impression 2000 Brand
Quality Instant Brand
Available in 48gsm

## COLOR BREIF CARD

ANCHOR BRAND

Jangkar Brand

## CASTCOATED BOARD

ARCADIA 2000

Arcadia 2000 (Plastic Card)

## OTHER PRODUCTS

Buffalo Hide & Embossed Card
Cast Coated Base Paper/Card
Color Wood Free Paper & Card
Fax/Thermal Paper & Others.

## FOR BOOKING PLEASE CONTACT

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**International Business Management**

**HEAD OFFICE:** First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM-PAK
Tel : +92-21-32627061-63
Fax : +92-21-32629786
Email : saleemitc@cyber.net.pk
saleemibm@cyber.net.pk
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

**A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products**

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINAR SPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
Sinar Tech



## SINAR SPECTRA COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED


### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com


BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے
چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# 800 سے زائد درآمدی اشیاء پر ریگولیٹری ڈیوٹی میں اضافہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) درآمدی گاڑیوں، پھلوں، بیکری اشیاء سمیت 800 سے زائد پرتعیش اشیا پر ڈیوٹی میں اضافہ، 25 سے 30 ارب روپے تک کا ریونیو متوقع، الیکٹرک، اسپورٹس گاڑیوں اور ان کے پارٹس پر 35 فیصد اضافی کسٹم ڈیوٹی عائد، مچھلی پر ڈیوٹی 35، آئسکریم پر بڑھا کر 74 فیصد کر دی گئی، اطلاق 22 اگست سے کر دیا گیا، 21 فروری 2023 تک نافذ العمل رہے گا، تفصیلات کے مطابق ایف بی آر نے گاڑیوں، پھلوں، کھجور، پنیر، چاکلیٹ، آئسکریم، منرل واٹر، سگار تیار شدہ فوڈ، بریڈ، بیکری کی اشیاء، ایل ای ڈی، ایل سی ڈی، اسلحہ سمیت 800 سے زائد پرتعیش اشیاء کی درآمد پر اضافی کسٹم ڈیوٹی اور ریگولیٹری ڈیوٹی میں اضافہ کر دیا ہے۔ الیکٹرک گاڑیوں، سپورٹس گاڑیوں اور ان کے پارٹس پر 35 فیصد اضافی کسٹم ڈیوٹی عائد کی گئی ہے، جبکہ ان درآمدی اشیاء پر ریگولیٹری ڈیوٹی میں اضافہ کیا گیا ہے، چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد نے" بتایا کہ اضافی کسٹم ڈیوٹی عائد کرنے اور ریگولیٹری ڈیوٹی میں اضافے سے ایف بی آر کے ریونیو میں 25 سے 30 ارب روپے کا تخمینہ ہے اگر درآمدات میں سکڑاؤ 70 فیصد تک ہوتا ہے تو ریونیو 25 سے 30 ارب روپے ریونیو جمع ہوگا جبکہ طلب میں کمی کی صورت میں درآمدات کا سکڑاؤ 70 فیصد سے کم ہوتا ہے تو پھر ریونیو میں مزید اضافہ متوقع ہے۔ جن اشیا پر ریگولیٹری ڈیوٹی میں اضافہ کیا گیا ان میں تازہ مچھلی، فش فلٹ اور مچھلی کے دیگر گوشت کی درآمد پر 10 فیصد سے بڑھا کر 35 فیصد کر دی گئی، کوکونٹ پر 20 فیصد سے بڑھا کر 74 فیصد، فروزن گوشت، بون لیس پر 5 فیصد سے بڑھا کر 10 فیصد، گھوڑوں، گدھوں اور خچروں کے درآمدی گوشت پر 10 فیصد آر ڈی لگا دی گئی ہے۔ بیج پر 20 فیصد، تازہ یا خشک نٹ اور کیلے پر 74 فیصد آر ڈی عائد کر دی گئی، کھجور، انناس، آم، سٹرس فروٹ پر 25 فیصد سے بڑھا 49 فیصد، انگور، تربوز، سیب، ناشپاتی، چیریز اور دیگر فروٹ پر 49 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کی گئی ہے، چاکلیٹ پر 10 فیصد سے بڑھا کر 49 فیصد کر دی گئی ہے، تیار شدہ فوڈ، بریڈ، پیسٹری، کیک، بسکٹ، پریزروڈ ٹماٹر، مشروم، جام، فروٹ جیلی پر ریگولیٹری ڈیوٹی 20 فیصد سے بڑھا کر 49 فیصد کر دی گئی، آئسکریم پر 20 فیصد سے بڑھا کر 74 فیصد کر دی گئی، پانی، قدرتی یا مصنوعی منرل واٹر پر ریگولیٹری ڈیوٹی 30 فیصد سے بڑھا کر 49 فیصد کر دی گئی، سگار، سگریٹ پر 20 فیصد سے بڑھا کر 49 فیصد، باتھ، شاور باتھ، سنک، واش بیسن و دیگر پر 49 فیصد، دروازے، کھڑکیاں اور پلاسٹک کی اشیاء پر 49 فیصد، شاپنگ تھیلے و دیگر سفری بیگ پر 20 فیصد سے بڑھا کر 49 فیصد، جیولری باکس، ٹراپیکل وڈ پر 49 فیصد، تولیے، ٹائلٹ ٹشو پیپر پر 24 فیصد، جوتے 20 فیصد سے بڑھا کر 24 فیصد، مصنوعی پھول 20 فیصد سے بڑھا کر 49 فیصد، کچن ویئر، ٹیبل ویئر و دیگر گھریلو اشیا پر 30 سے بڑھا کر 49 فیصد، پیڈسٹرل پنکھے 20 فیصد سے بڑھا کر 49 فیصد، ہیئر ڈرائر، شیورز، ہیئر کلپرز، کافی میکر، ٹوسٹر و دیگر 10 فیصد سے بڑھا کر 49 فیصد، لاؤڈ سپیکر 49 فیصد، ہیڈ فون، 44 فیصد، وی سی آر و دیگر 44 فیصد، ایل سی ڈی، ایل ای ڈی اور اوایل ای ڈی پر 15 فیصد سے بڑھا کر 49 فیصد کر دی گئی، الیکٹرانک سگریٹ پر 29 فیصد، تیار شدہ فور بائی فور گاڑیوں، منی وین، ایک ہزار سی سی سے 1300 سی سی تک نئی گاڑیاں، نئی سپورٹس گاڑیوں پر ریگولیٹری ڈیوٹی 15 فیصد سے بڑھا کر 100 فیصد کر دی گئی، پرانی اور استعمال شدہ 1801 سی سی سے 3 ہزار سی سی تک سپورٹس گاڑیاں 70 فیصد سے بڑھا کر 100 فیصد، فور بائی فور سپورٹ نئی گاڑیاں 90 فیصد سے بڑھا کر 100 فیصد، 1801 سی سی سے 3 ہزار سی سی تک استعمال شدہ جیپ 70 فیصد سے بڑھا کر 100 فیصد، ایک ہزار سی سی سے 3 ہزار سی سی تک نئی گاڑیاں 15 فیصد سے بڑھا کر 100 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کر دی گئی ہے، سن گلاسز، گاگلز 30 فیصد سے بڑھا کر 49 فیصد، پستول، ملٹی بیرل و دیگر پر 20 فیصد سے بڑھا کر 49 فیصد، موسیقی کے آلات پر 49 فیصد، فرنیچر اور دیگر پارٹس 45 فیصد سے بڑھا کر 49 فیصد، میٹرس، تکیے وغیرہ 49 فیصد، سلیپنگ بیگ 44 فیصد، سموکنگ پائپ 49 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کر دی گئی ہے اس کا اطلاق 22 اگست سے کر دیا گیا ہے جو 21 فروری 2023 تک نافذ العمل رہے گا۔

## ایس آر او کے اجرا پر پابندی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) آئی ایم ایف کی سخت شرائط کے تحت ٹیکس ایمنسٹی کیلئے قومی اسمبلی سے منظوری لازمی قرار دی گئی ہے۔ ٹیکس ایمنسٹی اسکیم، ٹیکس چھوٹ قومی اسمبلی سے منظوری کے بغیر نہیں دی جائیگی۔ لیٹر آف انٹینٹ (ایل او آئی) کے مطابق ٹیکس ایمنسٹی اسکیم، ٹیکس چھوٹ کیلئے ایس آر او جاری کرنے پر پابندی ہوگی، کسی شعبے کو ٹیکس رعایت کیلئے قومی اسمبلی سے منظوری لینا لازمی ہوگی۔ ایل او آئی میں کہا گیا ہے کہ کنسٹرکشن سیکٹر، خفیہ اثاثے ظاہر کرنے کیلئے ایمنسٹی قومی اسمبلی سے منظور ہوگی۔ سیلز ٹیکس میں باہمی ہم آہنگی کیلئے صوبوں کیساتھ ملکر کام کیا جائیگا، صوبوں کے ساتھ سیلز ٹیکس میں باہمی ہم آہنگی کیلئے عالمی بینک کا تعاون حاصل ہوگا۔ ایل او آئی کی شرائط پر عملدرآمد کیلئے پاکستان نے آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرادی۔

## پرنٹ پاک 3 تا 5 ستمبر کراچی ایکسپو میں ہوگی

### محمد سلیم بیکیا (آئی بی ایم) کی تمام پیپر و بورڈ مرچنٹس، پرنٹرز و پبلشر کو اپنے اسٹال کے دورے کی دعوت

PrintPak
AN IMPRINT OF PAKISTAN'S PRINTING & PACKAGING INDUSTRY
3 - 5 SEPTEMBER 2022
KARACHI EXPO CENTRE - PAKISTAN

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافکس آرٹس انڈسٹری پاپگائی کے زیر اہتمام "پرنٹ پاک 2022" 3 ستمبر کو کراچی ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوگی۔ یہ نمائش 5 ستمبر تک جاری رہے گی۔ 3 ستمبر کو افتتاحی تقریب ہوگی۔ نمائش کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ پرنٹ پاک کے پلاٹینم اسپانسر انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ اور گولڈ اسپانسر ڈان پیپر مارٹ اور سنچری پیپر اینڈ بورڈ ملز ہیں۔ نمائش میں تینوں دن کے لیے کھلی رہے گی۔ انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا نے تمام پیپر و پیپر بورڈ کے تاجروں، پرنٹنگ و پبلشنگ سے وابستہ تمام اداروں اور افراد کو اپنے اسٹال نمبر B26,B27 اور B31 ہال نمبر 2 میں دورے کی دعوت دی ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# وزیراعظم کا بجلی بلوں سے فیول ایڈجسٹمنٹ چارجز ختم کرنے کا اعلان، پونے دو کروڑ صارفین کو فائدہ ہوگا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بجلی کے بلوں میں تاجروں پر فکس ٹیکس، ایک کروڑ 71 لاکھ صارفین اور تین لاکھ ٹیوب ویلز کیلئے فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ سابق حکومت کی نااہلی سے ملک دیوالیہ ہونے کے قریب پہنچ گیا تھا، اتحادی حکومت کی پرخلوص کاوشوں اور محنت سے دیوالیہ ہونے کا خطرہ ٹل گیا ہے، مہنگائی پر قابو پانے میں جلد کامیاب ہو جائیں گے‘ آئی ایم ایف سے مشاورت کے بعد عوام کو ریلیف دینے کا فیصلہ کیا ہے، پچھلی حکومت کی چار سال کی نااہلی کا چار ماہ میں جواب کیسے دے سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو قطر پہنچنے پر خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ادھر نیپرا حکام کا کہنا ہے کہ فیول چارج ایڈجسٹمنٹ کے خاتمے کا اطلاق کے الیکٹرک صارفین پر بھی ہوگا۔ واضح رہے کہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں ماہ جون کیلئے تقسیم کار کمپنیوں کو بجلی 9 روپے 90 پیسے جبکہ کے الیکٹرک کو 11 روپے 10 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی منظوری دی گئی تھی۔ اپنی گفتگو میں وزیراعظم نے کہا کہ موجودہ حکومت مہنگائی کم کرنے کیلئے دن رات کوشش کر رہی ہے اگرچہ اس میں خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں ہوئی لیکن دن رات کوشاں ہیں اور مہنگائی کے جن کو بھی بوتل میں بند کر دیا جائے گا، ملک کو معاشی مشکلات سے نکالنے کیلئے دن رات کام کر رہے ہیں‘ چھوٹے تاجروں پر فکس ٹیکس کے ذمہ داروں کا تعین کرنے کیلئے کمیٹی بنادی گئی ہے جو اس کی مکمل تحقیقات کرے گی، تاجروں پر 3 ہزار، 6 ہزار اور 10 ہزار کی شرح سے فکس ٹیکس عائد کیا گیا تھا، یہ اب ختم کر دیا گیا ہے اور اس کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، فکس ٹیکس کے خاتمہ سے 42 ارب روپے کا خسارہ ہوگا لیکن یہ دیگر وسائل سے پورا کیا جائے گا‘ نواز شریف اور اتحادی جماعتوں کے قائدین کی مشاورت سے فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی وصولی ختم کر دی گئی ہے‘ بجلی کے تین کروڑ صارفین میں سے ایک کروڑ 71 لاکھ صارفین کیلئے فیول ایڈجسٹمنٹ چارجز ختم کر دیئے گئے ہیں، باقی ایک کروڑ 30 لاکھ صارفین جن میں صاحب ثروت لوگ شامل ہیں، ان کو بھی ریلیف دینے پر غور کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ رونے دھونے سے کچھ نہیں ہوگا، عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں، خلوص اور استقامت سے محنت کرنا پڑے گی اور اپنا خون، پسینہ بہانا پڑے گا تو اللہ تعالی ہمارے دن پھیر دے گا اور اچھے دن آئیں گے، دن رات ایک کر کے پاکستان کی تقدیر بدلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تین لاکھ ٹیوب ویلوں کو بھی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ سے استثنٰی دے دیا گیا ہے، انہیں بھی کوئی ادائیگی نہیں کرنا پڑے گی۔

## فکس ٹیکس کے بدلے 20 ہزار تک کے بل پر 5 فیصد سیلز ٹیکس عائد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے وزیراعظم کی ایڈوائس پر ٹیکس قوانین سیکنڈ ترمیمی آرڈیننس 2022 کی منظوری دیدی ہے، جس کے تحت تاجروں کے بجلی بلوں پر سیلز ٹیکس وصول کیا جائے گا۔ صدارتی آرڈیننس کے مطابق وفاقی حکومت پٹرول اور بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے بعد صدارتی آرڈیننس کے ذریعے نیا منی بجٹ لے آئی جس میں تاجروں پر عائد کیا گیا فکس ٹیکس ختم کر کے بجلی کے بلوں پر سیلز ٹیکس لاگو کر دیا ہے۔ صدارتی آرڈیننس کے مطابق چھوٹے تاجروں سے بجلی کے بلوں پر 42 ارب کے بجائے اب 27 ارب روپے وصول کئے جائیں گے جس کے لئے تاجروں کے بیس ہزار روپے ماہانہ تک کے بجلی بل پر پانچ فیصد سیلز ٹیکس لاگو کیا گیا ہے، بیس ہزار روپے سے زیادہ کے بجلی بل پر ساڑھے سات فیصد ٹیکس وصول کیا جائے گا۔ آرڈیننس کے تحت بیرون ملک خدمات دینے والے پاکستانی شہریوں کو الاؤنسز پر ٹیکس استثنٰی دیدیا گیا جبکہ ڈپلومیٹس پر بجٹ میں غلطی سے لگایا گیا انکم ٹیکس ختم اور کویت فارن ٹریڈ کنٹریکٹ کمپنی پر ٹیکس کی چھوٹ بحال کر دی گئی ہے۔

## ایک ہفتے بعد ہی ڈالر ایک بار پھر اونچی پرواز پر

کراچی (بزنس ڈیسک) دوست ممالک کی معاونت سے ضرورت سے زائد زرمبادلہ کا بندوبست ہونے کی اطلاع کے باوجود بدھ 24 اگست کو ڈالر اوپن مارکیٹ میں 223 سے بھی تجاوز کر گیا جبکہ انٹر بینک میں ڈالر 218 روپے سے بڑھ گیا۔ اس سے قبل منگل 23 اگست کو بھی انٹر بینک مارکیٹ میں ڈالر کی پرواز جاری رہی تھی جس سے ڈالر کے انٹر بینک ریٹ 217 روپے سے بھی تجاوز کر گئے تاہم اوپن ریٹ 222 روپے کی سطح پر مستحکم رہے۔ درآمدی ادائیگیوں کے بڑھتے ہوئے دباؤ کے باعث انٹر بینک مارکیٹ میں کاروباری دورانیے میں ڈالر کی قدر ایک موقع پر 218 روپے سے بھی تجاوز کر گئی تھی تاہم اختتامی لمحات میں ڈیمانڈ گھٹنے سے انٹر بینک مارکیٹ میں ڈالر کی قدر مزید ایک روپے کے اضافے سے 217.65 روپے کی سطح پر بند ہوئی۔ اس کے برعکس اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قدر بغیر کسی تبدیلی کے 222 روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔ واضح رہے کہ دوست ملکوں سے پاکستان کے لیے چار ارب ڈالر کی فنانسنگ کا انتظام ہوگیا ہے جن میں قطر سے دو ارب ڈالر کی معاونت، متحدہ عرب امارات سے ایک ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے علاوہ تیل کی موخر ادائیگیوں کی صورت میں سعودی عرب سے ایک ارب ڈالر کی فنانسنگ شامل ہیں۔ ان مثبت خبروں کے باوجود ڈالر کی پرواز جاری رہی جس کی بنیادی وجہ حکومت کی اشیائے تعیش کی درآمدات پر عائد پابندی اٹھانا ہے اور یہ پابندی ختم ہوتے ہی لگژری اشیاء کی درآمدات کے لیے نئے لیٹر آف کریڈٹس کھولے جانے کا رجحان بڑھ گیا ہے جس سے روپیہ کی قدر تنزلی سے دوچار ہوئی۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ترسیلات زر کی آمد اور برآمدات کے حجم میں کمی بھی ڈالر کو تگڑا کرنے کا باعث ہیں۔

## متحدہ عرب امارات کے وزٹ ویزا رکھنے والوں کیلئے نئی شرائط عائد

کراچی (نیوز ڈیسک) متحدہ عرب امارات میں ملازمت کیلیے وزٹ ویزے پر جانے والے پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کرنا شروع کر دیا ہے۔ اوورسیز ایمپلائمنٹ پرموٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین کی جانب سے وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانی ساجد حسین طوری کو ارسال کردہ مکتوب میں کہا گیا ہے کہ پاکستانیوں کی جانب سے متحدہ عرب امارات کے وزٹ ویزہ کا غلط استعمال کیا جا رہا ہے، وزٹ ویزہ کے غلط استعمال کی وجہ سے یو اے ای نے پاکستان کے لیے امیگریشن پالیسی سخت کر دی ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے 20 شہروں سے جاری ہونے والے پاسپورٹس پر یو اے ای کی جانب سے ویزہ جاری نہیں کیا جا رہا ہے، پاکستانیوں کے لیے وزٹ ویزہ کی شرائط میں 6 ماہ کی بینک اسٹیٹمنٹ اور 5 ہزار درہم کی شرط عائد کر دی گئی ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ جعلی ایجنٹس سادہ لوح افراد سے لاکھوں روپے میں وزٹ ویزے پر یو اے ای بھیج رہے ہیں، خط میں وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ جعلی ایجنٹوں کے خلاف سخت تادیبی کاروائی عمل میں لائے کیونکہ وزٹ ویزہ پر متحدہ عرب امارات جانے والے افراد کو متعلقہ دستاویزات نہ ہونے کی وجہ سے روزگار نہیں ملتا اور وہ بھیک مانگنے پر مجبور ہو جاتے ہیں، جعلساز ایجنٹس کی وجہ سے رجسٹر اور قانونی کام کرنے والے پروموٹرز بدنام ہو رہے ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# یو بی جی تمام تجارتی رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کرے گا، شہزاد ملک

کراچی (نیوز ڈیسک) یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کی کور کمیٹی کا 5 واں اجلاس 21 اگست کو کراچی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت یو بی جی کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم منیر نے کی۔ اجلاس میں چیئرمین یو بی جی شہزاد علی ملک، صدر زبیر طفیل، جنرل سیکرٹری ظفر بختاوری، چیئرمین یو بی جی سیالکوٹ ریاض الدین شیخ، چیئرمین سندھ ریجن خالد تواب، چیئرمین کے پی کے ریجن غضنفر بلور، چیئرپرسن خواتین کمیٹی یو بی جی محترمہ ثمینہ فاضل، سینیٹر عبدالحسیب خان، حاجی افضل، علی حسام اصغر، مریم چوہدری، سعیدہ بانو، ناصر الدین شیخ، ناہید مسعود، ممتاز شیخ، مرکزی ترجمان گلزار فیروز، میاں زاہد حسین، سابق سینئر نائب صدور مظہر علی ناصر، حنیف گوہر، مرزا اختیار بیگ، مومن علی ملک، ملک خدا بخش، نوراحمد خان، مسلم محمدی، شاہین الیاس سروانہ، پیر ناظم حسین شاہ، نائب صدر ایف پی سی سی آئی قاضی اکبر، عدنان قادری، شکیل ڈھینگڑا، اسلم پکھالی، اکرام راجپوت، لاہور چیمبر کے نائب صدر حارث عتیق، سلمان اسلم، زبیر چھایا، شیخ عمر ریحان، ندیم محبوب مگوں، فرزانہ برنی، ہمایوں لئیق، حافظ بلال، شہاب احمد اور دیگر اراکین کور کمیٹی شریک تھے۔ یونائیٹڈ بزنس گروپ کے ممبران نے شہزاد علی ملک کو یو بی جی کا چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ شہزاد علی ملک نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ یو بی جی ممبران سمیت بزنس کمیونٹی کی امیدوں پر پورا اترنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے جنہوں نے ان پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ مرکزی ترجمان یو بی جی گلزار فیروز کے مطابق شہزاد علی ملک انہوں نے مزید کہا کہ وہ ذاتی طور پر پاکستان بھر کے تمام تجارتی اداروں کا دوبار دورہ کریں گے، تجارتی اداروں کے انتخابات کے فوراً بعد اور پھر نومبر کے اختتام میں پاکستان بھر کا فالو اپ دورہ کریں گے۔ شہزاد علی ملک نے مزید کہا کہ یو بی جی کے سینئر ممبران کی رضامندی سے ان کے دورے کے شیڈول کو جلد ہی حتمی شکل دی جائے گی، ہمارا گروپ تمام تجارتی اداروں اور ان کے رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کرے گا۔ انہوں نے پاکستان اور بیرون ملک مختلف معززین سے اپنی ملاقاتوں کے بارے میں مزید بتایا جو بہت نتیجہ خیز رہی۔

# لاہور چیمبر میں فاؤنڈرز گروپ نے انتخابی مہم کا آغاز کردیا

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور چیمبر میں فاؤنڈرز گروپ نے ایک میٹنگ کے ساتھ اپنی الیکشن مہم کا آغاز کردیا ہے، تاریخ میں پہلی مرتبہ 100 سے زائد مارکیٹوں کے عہدیداروں، نمائندوں اور صنعتکار و تاجر برادری کی بڑی تعداد نے اس اجلاس میں شرکت کی اور فاؤنڈرز گروپ سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔ اجلاس کی صدارت فاؤنڈرز گروپ کے چیئرمین افتخار علی ملک نے کی جبکہ میاں محمد اشرف نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ اجلاس میں طارق حمید، بشیر اے بخش، شیخ محمد آصف، میاں مصباح الرحمن، شاہد حسن شیخ، شہزاد علی ملک، فاروق افتخار، عبدالباسط، الماس حیدر، میاں طارق مصباح، لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر میاں رحمن عزیز چن اور نائب صدر حارث عتیق و کاروباری برادری کی بڑی تعداد شریک تھی۔ یاں محمد اشرف نے کہا کہ ملک کے معاشی استحکام، ترقی و سالمیت کے لیے بنیادی کردار نوجوان نسل کو ادا کرنا ہے، اسے چاہیے کہ اپنی بہترین صلاحتیں بروئے کار لائے اور تعمیری سرگرمیوں کے ذریعے اپنی بہترین صلاحتیں ملک و قوم کے لیے بروئے کار لائے۔ اس مرتبہ بھی لاہور چیمبر کے انتخابات کے لیے بہترین اور باصلاحیت افراد کا چناؤ کرے گا جو اپنی بہترین صلاحتیں بروئے کار لا کر نہ صرف صنعتکار و تاجر برادری کی خدمت کریں بلکہ ملک کی ترقی کے لیے بھی تعمیری کردار ادا کریں۔ افتخار علی ملک نے اپنے خطاب کے دوران امیدواروں کے انتخاب کے لیے روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری کی حقیقی نمائندگی کو یقینی بنانا فاؤنڈرز گروپ کی اولین ترجیح ہے۔


# Attention

## large format printers and panaflex printers or sellers of papers

| SRN | ITEM | QTY | SRN | ITEM | QTY |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Glossy PP FILM 36"X100' | 24 | 10 | HT 30008 Matt 0.99mx41m wt. 440gms | 12 |
| 2 | Glossy Photo Paper Eco. So1.42'X100' | 28 | 11 | Matt Laminate 60"x50m | 11 |
| 3 | Glossy Paper 30"x100' 250G Eco-Sol. | 36 | 12 | Matte Photo Paper 36"x100' | 24 |
| 4 | Glossy Frontlit Laminated Vinyl 63"x50m | 15 | 13 | Matt PVC Vinyl for Sol. Link and Eco.Sol.50'X30m | 7 |
| 5 | Glossy Photo Paper Eco.Sol. 50"x100' Core 3" | 60 | 14 | AWRVO4-3600 | 20 |
| 6 | Glossy Photo Paper Eco.50"x100' Core 3" | 17 | 15 | E04-120-123 | 12 |
| 7 | Glossy Photo Paper Eco. Sol. 54"x100' | 40 | 16 | FPW 120-2400 24" | 3 |
| 8 | Gloss Photo Paper 36"x100' | 39 | 17 | Satin Laminated Film 54"X164' | 15 |
| 9 | Premium Blockout Banner Matt 13oz 33" x4Sy | 24 | 18 | FRRCS-255/24 | 4 |

**Interested party can visit and see goods and make offer**

**Contact: Aareez 03212012969**





یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

ANM

# A N M TRADING CO

## Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

**Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)**

**COATED ART PAPER & ART CARD**

*1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan*
*Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com*



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

# PAPERLINE

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
## GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

IK Signature

**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.
With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.




HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM

**International Business Management**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk I website : www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# دکانداروں پر فکس ٹیکس: نیا لائحہ عمل بنائیں گے، زیادہ شرح لاگو کرنے پر انکوائری ہوگی، وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے بجلی کے بلوں کے ذریعے فکسڈ سیلز ٹیکس کی وصولی کو فوری طور پر معطل کر کے ٹیکس وصولی کیلئے نئے لائحہ عمل مرتب کرنے اور دوکانداروں سے بجلی کے بلوں کے ذریعے ٹیکس وصولی پر کوئی بھی فیصلہ کرتے وقت تاجروں کے نمائندگان کو مشاورت میں شامل کرنے کی ہدایت کی ہے، وزیراعظم نے بجلی کے بلوں کے ذریعے دوکانداروں پر فکسڈ سیلز ٹیکس کو متفقہ شرح سے زیادہ لاگو کرنے پر انکوائری کرنے کا حکم بھی دیا ہے، وزیراعظم نے کہا حکومت غریبوں کے مالی تحفظ کیلئے کوشاں ہے، انہوں نے حکام کو ہدایت کی کہ بجلی کے نرخوں میں فوری کمی کا طریقہ کار وضع کیا جائے، تفصیلات کے مطابق وزیراعظم میڈیا آفس کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت بجلی کے نرخ اور بلوں کے ذریعے فکسڈ سیلز ٹیکس کلیکشن پر جائزہ اجلاس ہفتہ کو لاہور میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے توانائی انجینئر خرم دستگیر، وفاقی وزیر برائے خزانہ مفتاح اسماعیل، وزیرمملکت برائے پٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک، چیئرمین ایف۔بی۔آر، وفاقی سیکرٹریز توانائی، خزانہ اور پٹرولیم کے علاوہ دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بجلی کے بلوں کے ذریعے فکسڈ سیلز ٹیکس کی وصولی کو فوری طور پر معطل کر کے ٹیکس وصولی کیلئے نئے لائحہ عمل مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے بجلی کے بلوں کے ذریعے دوکانداروں پر فکسڈ سیلز ٹیکس کو متفقہ شرح سے زیادہ لاگو کرنے پر انکوائری کرنے کا حکم بھی دیدیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے خصوصی ہدایت کی کہ دوکانداروں سے بجلی کے بلوں کے ذریعے ٹیکس وصولی پر کوئی بھی فیصلہ کرتے وقت تاجروں کے نمائندگان کو مشاورت میں شامل کیا جائے۔ مزید برآں وزیراعظم شہباز شریف نے تمام متعلقہ وزارتوں اور حکام کو فوری طور پر غریب طبقے کیلئے بجلی کے نرخوں میں کمی کا موثر طریقہ کار وضع کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت غریب طبقہ کے مالی تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات کرنے کیلئے کوشاں ہے۔

## پاکستان کسٹم سروس، گریڈ 20 اور 21 کے 15 افسران کے تبادلے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے پاکستان کسٹم سروس کے گریڈ 20 اور 21 کے 15 افسران کے تبادلے کر دیئے ہیں، گریڈ 21 کے 10 اور گریڈ 20 کے پانچ افسران کے تبادلوں کے احکامات جاری کیے گئے ہیں، گریڈ 21 کے افسر گل رحمان کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف کسٹم ویلیوایشن کراچی میں ڈی جی تعینات کیا گیا ہے انہیں ڈائریکٹوریٹ جنرل آف رسک مینجمنٹ کراچی میں ڈی جی کا اضافی چارج بھی دیا گیا ہے، گریڈ 21 کے افسران میں ڈاکٹر فرید اقبال قریشی کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ وانٹرل آڈٹ کراچی میں ڈی جی، احمد رضا خان کو ممبر ایف بی آر، واجد علی کو پاکستان کسٹم اکیڈمی کراچی میں ڈی جی، محمد صادق ڈائریکٹوریٹ جنرل آف آئی پی آر انفورسمنٹ اسلام آباد میں ڈی جی، عبدالقادر میمن کو چیف کلکٹر کسٹم بلوچستان، احمد رؤف ڈائریکٹوریٹ جنرل آف لاء اینڈ پراسیکیوشن لاہور میں ڈی جی، مس سیما بخاری کو پاکستان سنگل ونڈو ایف بی آر اسلام آباد میں پروجیکٹ ڈائریکٹر، محمد علی رضا کو آئی ٹی ایم ایس ہیڈ کوارٹر کو پروجیکٹ ڈائریکٹر اسلام آباد اور محمد عمران خان کو چیف کلکٹر کسٹم نارتھ کسٹم ہاؤس اسلام آباد تعینات کیا گیا ہے، محمد عمران خان کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ریفارمز اینڈ آٹومیشن (کسٹم) اسلام آباد کا اضافی چارج بھی دیا گیا ہے، گریڈ 20 کے افسران میں مرزا مبشر بیگ کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ان پٹ آؤٹ پٹ کوافیشنٹ آرگنائزیشن کراچی (سٹیشن لاہور) میں ڈی جی (او پی ایس) تعینات کیا گیا ہے، گریڈ 20 کے افسر محمد سلیم کو چیف کلکٹر کسٹم (او پی ایس) خیبر پختونخوا پشاور، اشعد جواد کو چیف کلکٹر کسٹم (او پی ایس) اپریزمنٹ ساؤتھ کراچی، محمد یعقوب ملک کو چیف کلکٹر کسٹم (او پی ایس)، انفورسمنٹ ساؤتھ کراچی اور محمد جمیل ناصر کو چیف کلکٹر کسٹم اپریزمنٹ پورٹ محمد بن قاسم کراچی تعینات کر دیا گیا ہے۔

# پیپر مارکیٹ کی صفائی ستھرائی کیلئے ایڈمنسٹریٹر کراچی فوری اقدامات کریں، اپیما

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے ایڈمنسٹریٹر کراچی مرتضیٰ وہاب کی توجہ پیپر مارکیٹ میں بارشوں کے بعد پیدا ہونے والی گندگی و تعفن کی بدترین صورت حال کی جانب توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ صدر ٹاؤن کے علاقے پیپر مارکیٹ میں فیض محمد فتح علی روڈ برہانی ہسپتال اور اس کے اطراف کی 3 گلیاں، طیب جی روڈ اور حسن علی آفندی روڈ نزد بدر مسجد کے پاس کئی روز سے گٹر کا پانی اور کچرے کی ناقص صفائی کے باعث گندگی میں اضافہ ہو رہا ہے اور کئی روز سے کچرا اور گٹر لائنیں چوک ہونے کی وجہ سے گٹر کا پانی روڈ پر کھڑا ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے اہل محلہ اور بالخصوص پیپر مرچنٹس اور ان کے کسٹمرز اور پرنٹنگ پریسز کو پیپر کی نقل وحمل میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ لہٰذا صورتحال کی بہتری کیلئے صفائی، ستھرائی گٹر لائنیں مشینوں کی مدد سے کھلوانے کیلئے فوری احکامات جاری کئے جائیں۔

# ازبکستان سے بھی ٹرک ڈرائیورز کو چھ ماہ کے ویزا کا معاہدہ کیا جائیگا، وزیر تجارت

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزیر تجارت نوید قمر نے کہا ہے کہ جلد افغانستان کی طرح ازبکستان کے ساتھ بھی ٹرک ڈرائیورز کو چھ ماہ کا ویزا جاری کرنے کا معاہدہ کرلیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وزیر تجارت سید نوید قمر نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاک افغان تجارتی معاہدے میں دونوں ممالک ایک دوسرے کے ٹرک ڈرائیورز کو چھ ماہ کا ویزا دیں گے جس سے سامان کی ترسیل میں آسانی ہوگی۔ نوید قمر نے کہا کہ سامان کی ترسیل کے لیے پاکستان ازبکستان کے ساتھ بھی معاہدہ کرنے جا رہا ہے، ازبکستان کے ساتھ ٹرک ڈرائیورز کو چھ ماہ کا ویزا جاری کرنے کا معاہدہ کیا جائے گا، ٹرک نہ صرف افغانستان بلکہ ازبکستان بھی آ اور جا سکیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ٹرکوں کو واہگہ بارڈر کراس کرنے کی اجازت دینے کی ڈیمانڈ بھی آتی ہے لیکن ہندوستان کے ساتھ سیاسی تعلقات ایسے نہیں کہ اجازت دی جائے، ہندوستان کے ساتھ حالات معمول پر آ گئے تو ان معاملات پر غور کیا جا سکتا ہے، تعلقات میں بہتری کی صورت میں ہی سارک تجارت سمیت دیگر معاملات پر بات ہو سکتی ہے۔

# درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات میں 130 فیصد اضافہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملکی درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات میں گزشتہ مالی سال کے دوران سالانہ بنیادوں پر 130 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران درآمدات پر مال برداری اور انشورنس اخراجات کی مد میں 3.798 ارب ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو مالی سال 2022 کے مقابلہ میں 130 فیصد زیادہ ہے، مالی سال 2022 میں ملکی درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات کی مد میں 1.653 ارب ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا تھا۔ جون 2022 میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات کا حجم 478.95 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال جون کے مقابلہ میں 148.97 فیصد زیادہ ہے، جون 2021 میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات کا حجم 192.36 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آرٹ کارڈ و پیپر، درآمدی بلیچ بورڈ، فوٹو کاپی اور اسٹیکر پیپر کی قیمتوں میں کمی، آفسیٹ آئی کے میں اضافہ

## مقامی ڈپلیکس بورڈ اور آفسیٹ پیپر کی قیمتوں میں بھی اضافہ، سروے رپورٹ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی دیکھی گئی اور 24 اگست 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، مقامی ڈپلیکس بورڈ سولجر، پولو، کیپٹن کوٹڈ، ایسکاٹس (سنچری)، مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ، فلائنگ ہائی فنش اور کراؤن پیپر کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ جبکہ پنڈو آرٹ کارڈ، نیو یا آرٹ پیپر میٹ/ گلوس چائنا، اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف اور لیبل ٹیک چائنا، درآمندی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، چینمنگ اور پنڈو ڈیلی اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 405 روپے سے کم ہو کر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 375 روپے سے کم ہوکر 370 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 375 روپے سے کم ہوکر 370 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ سولجر برانڈ سنچری تمام سائز 250 گرام کی ریل 255 روپے، تمام سائز 290 گرام کی ریل 249 روپے، تمام سائز 340 گرام کی ریل 249 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ تمام سائز 250 گرام کی شیٹس 260 روپے، تمام سائز 290 گرام کی شیٹس 256 روپے، تمام سائز 340 گرام کی شیٹس 256 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ پولو برانڈ سنچری تمام سائز تمام سائز 250۔275 گرام کی ریل 268 روپے، تمام سائز 300 گرام کی ریل 262 روپے، تمام سائز 350 گرام کی ریل 262 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ تمام سائز 250۔275 گرام کی شیٹس 274 روپے، تمام سائز 300 اور 350 گرام کی شیٹس 268 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کیپٹن کوٹڈ سنچری کی تمام سائز 250۔275 گرام کی ریل 287 روپے، 300۔325 اور 350 گرام کی ریل 281 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ تمام سائز 250۔275 گرام کی شیٹس 293 روپے، تمام سائز 300۔325 اور 350 گرام کی شیٹس 287 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ایسکاٹس ان کوٹڈ تمام سائز 230 اور 300 گرام کی ریل 256 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ تمام سائز 230 اور 300 گرام کی شیٹس 260 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ گولڈ تمام سائز 230۔300 گرام، 175 روپے سے کم ہوکر 165 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر نیچرل بیک تمام سائز 300۔250 گرام، 154 روپے سے بڑھ کر 164 روپے، تمام سائز 350 گرام، 154 روپے سے بڑھ کر 164 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنر جی مل تمام سائز 250 گرام، 226 روپے سے بڑھ کر 228 روپے، تمام سائز 290 گرام، 224 روپے سے کم ہو کر 223 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 372 روپے سے کم ہو کر 370 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 370 روپے سے کم ہو کر 368 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 367 روپے سے کم ہوکر 365 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 400 روپے سے بڑھ کر 405 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 390 روپے سے بڑھ کر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 68 گرام، 240 روپے سے بڑھ کر 245 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ ہائی فنش تمام سائز 70 گرام، 260 روپے سے بڑھ کر 280 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 68 گرام، 240 روپے سے بڑھ کر 250 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1020 روپے سے کم ہوکر 1000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 1020 روپے سے کم ہوکر 1000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1150 روپے سے بڑھ کر 1180 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1030 روپے سے کم ہوکر 1000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1000 روپے سے کم ہوکر 960 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1115 روپے سے کم ہوکر 1080 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1125 روپے سے کم ہوکر 1100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1225 روپے سے کم ہوکر 1200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 1020 روپے سے کم ہوکر 980 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 3050 روپے سے کم ہوکر 3000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 3050 روپے سے کم ہوکر 3000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔


توجہ فرمائیے

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229



CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اسٹیٹ بینک کا شرح سود 15 فیصد پر برقرار رکھنے کا اعلان

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مانیٹری پالیسی جاری کرتے ہوئے شرح سود 15 فیصد پر برقرار رکھنے کا اعلان کر دیا۔ مرکزی بینک نے پیر 22 اگست کو مانیٹری پالیسی جاری کر دی جس کے تحت شرح سود میں اضافہ نہیں کیا گیا۔ شرح سود دو ماہ کے لیے 15 فیصد کی سطح پر برقرار رہے گی۔ اسٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ مہنگائی کا دباؤ شدید ہو گیا، مون سون کی غیر معمولی بارشوں اور سیلاب سے زرعی پیداوار میں کمی کا خطرہ پیدا ہو گیا جس سے معاشی ترقی کی شرح نمو بھی متاثر ہو سکتی ہے رواں مالی سال معاشی ترقی کی شرح نمو 3 سے 4 فیصد رہے گی، جولائی میں مہنگائی کا دباؤ شدید ہو گیا اور عمومی مہنگائی مزید ½3 فیصد درجے بڑھ کر 24.9 فیصد (سال بسال) ہو گئی۔ اسٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ کھانے پینے کی اشیاء اور توانائی کی قیمت نے مہنگائی بڑھانے میں بڑا کردار ادا کیا، آگے چل کر مہنگائی اور بڑھنے کی توقع ہے، عمومی مہنگائی پہلی سہ ماہی میں عروج پر پہنچ جائے گی اور پھر مالی سال کے بقیہ حصے کے دوران بتدریج کم ہو گی جس کے بعد تیزی سے کم ہو کر مالی سال 24 کے آخر تک گر کر 5-7 فیصد کے ہدف تک پہنچ جائے گی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق بارشوں اور سیلاب سے زرعی شعبہ متاثر ہوا جس سے معاشی ترقی کی شرح نمو پر اثر پڑے گا تاہم معاشی نمو کم ہونے سے مہنگائی اور جاری کھاتے پر طلب کے لحاظ سے دباؤ کم ہو گا اور مستقبل میں بلند نمو کے لیے زیادہ پائیدار بنیادوں پر حالات سازگار ہوں گے۔ مرکزی بینک کے مطابق کرنٹ اکاؤنٹ میں ان بہتر تبدیلیوں اور آئی ایم ایف پروگرام کے حوالے سے غیر یقینی صورتِ حال میں کمی کے باعث بہتر احساسات کی بنا پر اگست میں روپے کی قدر بحال ہوئی ہے، آئی ایم ایف پروگرام کے تحت جاری جائزے پر بورڈ کا اجلاس 29 اگست کو ہو گا اور توقع ہے کہ اس میں 2.1 ارب ڈالر کی مزید ایک قسط جاری کی جائے گی اور کثیر فریقی اور دو طرفہ قرض دہندگان کی جانب سے رقوم کی آمد کو بھی تحریک ملے گی۔ علاوہ ازیں پاکستان کو مالی سال 23ء میں اپنی بیرونی ضروریات سے بڑھ کر دوست ممالک سے اضافی 4 ارب ڈالر کامیابی سے مل چکے ہیں۔ نتیجے کے طور پر سال کے دوران زرمبادلہ کے ذخائر مزید بڑھیں گے جس سے بیرونی لحاظ سے کمزوری کم کرنے میں مدد ملے گی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق بیشتر معاشی اشاریے بہتر ہو رہے ہیں، توانائی کی درآمد میں کمی سے تجارتی خسارہ جون میں نمایاں اضافے کے بعد گزشتہ ماہ نصف ہو کر 2.7 ارب ڈالر رہ گیا جبکہ غیر توانائی درآمدات نے اعتدال پر آنے کا سلسلہ جاری رکھا۔ درآمدات میں 36.6 فیصد (ماہ بماہ) اور 4.10 فیصد (سال بسال) کی بڑی کمی ہوئی۔ عید کی تعطیلات کی وجہ سے برآمدات میں بھی 22.7 فیصد (ماہ بماہ) کمی ہوئی، ترسیلاتِ زر مضبوط سطح پر رہیں۔ مرکزی بینک نے کہا ہے کہ کرنٹ اکاؤنٹ میں ان بہتر تبدیلیوں اور آئی ایم ایف پروگرام کے حوالے سے غیر یقینی صورتِ حال میں کمی کے باعث بہتر احساسات کی بنا پر اگست میں روپے کی قدر بحال ہوئی ہے۔ گاڑیوں اور موبائل فون کی مشینری اور الگ الگ پرزوں کی شکل میں درآمد کے لیے پیشگی اجازت جیسے اقدامات زیادہ عرصے تک چلنے والے نہیں ہیں اور اگلے مہینوں میں انہیں نرم کرنے کی ضرورت ہو گی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق جاری کھاتے اور روپے کی قدر میں حالیہ بہتری سے قطع نظر، زرمبادلہ کے ذخائر فروری کے 16.4 ارب ڈالر کی بہ نسبت 12 اگست کو نصف یعنی 7.9 ارب ڈالر رہ گئے ہیں، کیونکہ سرکاری رقوم کا انخلا سرکاری رقوم کی آمد سے بڑھ گیا ہے۔

## فکسڈ ٹیکس اسکیم کیلئے وفاقی وزارت خزانہ، آل پاکستان انجمن تاجران کا اجلاس

لاہور (نیوز ڈیسک) ریٹیلرز کیلئے نئی فکسڈ ٹیکس اسکیم کی تیاری کے حوالے سے وفاقی وزارت خزانہ اور آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی رہنما نعیم میر کے ساتھ پہلا مشاورتی اجلاس ہوا۔ اجلاس کی صدارت وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کی۔ اس موقع پر بلال کیانی، رانا احسان اور ایف بی آر کے اعلی حکام شریک ہوئے، نعیم میر نے تجویز دی کہ تمام تاجر گروپوں کو اعتماد میں لینے کیلئے مشاورت کے دائرے کو وسیع تر کیا جائے۔ تاجروں کے تمام گروپوں کے ساتھ مشاورتی دائرے کو وسیع تر کرنے کے لئے وزارت خزانہ باضابطہ مشاورتی اجلاس بلانا شروع کرے گی۔ نیا فکسڈ ٹیکس نظام تاجروں کے ساتھ مشاورت مکمل کر کے اکتوبر کے بجلی کے بلوں میں نافذ العمل ہو گا۔

# 38 ارب کے نئے ٹیکس اقدامات کیلئے صدارتی آرڈیننس جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے 38 ارب روپے کے نئے ٹیکس اقدامات کے لیے صدارتی آرڈیننس جاری کر دیا ہے، تاجروں پر عائد فکس ٹیکس ختم، بجلی بلوں پر سیلز اور انکم ٹیکس عائد، ٹرانسپورٹ گاڑیوں پر انکم ٹیکس میں کمی، صدر نے منظوری دیدی، سگریٹ پر ٹیکسوں میں اضافہ، سپر ٹیکس صرف 2022-23ء کیلئے ہو گا، بیرون ملک پاکستانیوں کی خدمات پر لگایا گیا ٹیکس بھی ختم کر دیا گیا، تاجروں پر عائد کیا گیا فکس ٹیکس ختم کر دیا گیا ہے جبکہ ماہانہ بنیادوں پر بجلی کے بلوں پر سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس عائد کیا گیا ہے، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ٹیکس قوانین (دوسرا ترمیمی) آرڈیننس 2022 کی منظوری دے دی۔ صدر مملکت نے یہ منظوری آئین کے آرٹیکل 89 ایک کے تحت وزیر اعظم کی ایڈوائس پر دی ہے۔ اس آرڈیننس سے سیلز ٹیکس ایکٹ 1990، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001، فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 اور فنانس ایکٹ 2022 میں ترامیم کی گئی ہیں۔ آرڈیننس کے تحت فنانس ایکٹ 2022 میں ترمیم کرتے ہوئے دکانداروں پر عائد کیا گیا فکس ٹیکس ختم کر دیا گیا ہے اور ٹرانسپورٹ گاڑیوں پر عائد انکم ٹیکس میں بھی کمی کر دی گئی ہے، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 میں مزید ترمیم کرتے ہوئے یکم جولائی سے دکانداروں (ریٹیلرز) کے بجلی کے 20 ہزار روپے تک کے ماہانہ بلوں پر 5 فیصد سیلز ٹیکس اور 20 ہزار روپے سے زائد کے بجلی کے بلوں پر ساڑھے 7 فیصد سیلز ٹیکس عائد کیا گیا ہے، اس سے ٹیئر ون کے ریٹیلرز اور جو ریٹیلرز نہیں ہیں ان کو استثنیٰ حاصل ہو گا، ریٹیلرز کے بجلی کے بلوں پر انکم ٹیکس کا اطلاق ای سی سی کے فیصلے کے روشنی میں ہو گا جس کا بجلی کے استعمال اور بجلی کی قیمت کے مطابق تعین کیا جائے گا۔

# بندرگاہوں پر رکے سامان کو آہستہ آہستہ ریلیز کیا جائے گا، مفتاح اسمٰعیل

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسمٰعیل نے کہا ہے کہ بندرگاہوں پر پڑے درآمدگی سامان کو آہستہ آہستہ ریلیز کیا جائے گا۔ ہفتہ 20 اگست کو اپنے ٹویٹ میں وزیر خزانہ نے کہا کہ بندرگاہوں پر پڑا ہوا تجارتی سامان پینلٹی چارجز کے ساتھ آہستہ آہستہ ریلیز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی ذمہ داروں کی ادائیگی کے تحت حکومت نے پرتعیش اشیا کی درآمدات پر پابندی کے خاتمہ کے حوالہ سے ایک ایس آر او جاری کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بندرگاہوں پر پھنسے سامان کی مالیت کے 100 فیصد تک پینلٹی سرچارج کی ادائیگی کے ساتھ آہستہ آہستہ سامان کو ریلیز کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹیرف پالیسی بورڈ جلد ہی نئی ریگولیٹری ڈیوٹیز کے ریٹس متعین کرے گا جس سے ملک کیلئے ضروری مصنوعات کی درآمدات پر ہی زرمبادلہ خرچ کرنے میں مدد ملے گی اور پرتعیش اشیاء کی درآمد پر پابندی کو یقینی بنایا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ "ہمیں اپنے وسائل ہی میں رہنا ہو گا۔"



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اپریل۔جون 2022: اسٹیکر کی قیمتوں میں 400 روپے پیکٹ تک اضافہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2022 کا آغاز اسٹیکر کے لیے قیمتوں میں تیزی کے حوالے سے اچھا نہ تھا اور پہلی سہ ماہی میں اسٹیکر کی قیمتیں دباؤ کا شکار رہیں اور اس کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی تھی۔ تاہم اپریل جون میں ایک بار پھر قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا، یونگی اور نیکسز پرو کی قیمت 2700 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگئی۔ جبکہ گولڈن ٹیک میں 350 روپے پیکٹ کا اضافہ ہوا اور اس کی قیمت 3050 روپے تک پہنچ گئی۔ البتہ پاور ٹیک چائنا کی قیمت 2650 روپے سے بڑھ کر 2950 روپے ہوگئی۔ سب سے زیادہ اضافہ ایکنا انڈونیشیا میں 400 روپے پیکٹ ہوا اور اس کی قیمت 3300 روپے تک پہنچ گئی۔ لیبل ٹیک چائنا بھی 300 روپے پیکٹ اضافے کے ساتھ نمایاں رہا۔ اسٹیکر کے مختلف اقسام کی اپریل۔جون 2022 کے دوران شائع ہونے والی قیمتوں کا تقابلی جائزہ نیچے پیش کیا جارہا ہے۔

## Prices Trend in April-June-2022 (Per Packet Rates)
## Imported **STICKER PAPER Indonesia, China and Europe**

| Veritec Indonesia | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| 20 x 30 Ultra | 3700 | 3700 | 3700 | 3700 | 3700 | 3750 | 3750 | 3800 | 3800 | 3800 | ( + 100 ) |

| Yongyi China | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| 20 x 30 | 2700 | 2800 | 2800 | 2800 | 2800 | 2870 | 2870 | 2900 | 2900 | 2900 | ( + 200 ) |

| AQNA Indonesia | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| 20 x 30 | 2900 | 2900 | 3100 | 3100 | 3100 | 3150 | 3200 | 3300 | 3300 | 3300 | ( + 400 ) |

| Adestor Europe | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Apr | 15 | 29 | 13 | 20 | 27 | 3 | 10 | 17 | 24 | |
| 20 x 30 | 4700 | 4900 | 4900 | 4900 | 4900 | 4900 | 4900 | NA | NA | NA | ( + 200 ) |

| Golden Tac G S F | APRIL-2022 | | | MAY-2022 | | | JUNE-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
